© rasailojaraid.com



## خبردار

سید عطاء المحسن بخاری

اجاڑ رستے
ہے گھپ اندھیرا
عذاب موسم
نگاہ مدھم
کچھ بھی مجھکو سجھائی نہ دے
لیکن
اس سناٹے کو توڑتی ہوئی
یہ چیخیں
یہ آہیں
یہ سسکیاں
اور
ان میں ابھرتی ہوئی ایک بھیانک آواز
خبردار
کوئی دہائی نہ دے
میرے کانوں سے ٹکرا رہی ہے

## آس

وحشت، دہشت، خوف، ہراس
لمحے، گھڑیاں، پل پل، آس نراس
یخ بستہ رات اندھیری، آندھی، گرد، غبار
صحرا، دشت، جبل
دریا، طوفاں، سیل، نہنگ
موج بھنور
تیکھی نظریں، طعنے، طنز، رقابت
گھورے سب سنسار
کومل تن ہے، نازک درد بھرا اک دل
رت ہے ملن کی
اور
من موہن ہے اس پار

سبائی فتنہ (جلد اوّل)
مصنّف :-
حضرت مولانا ابوریحان سیالکوٹی
ایک تہلکہ خیز کتاب ——— ایک علمی محاسبہ
ملنے کے پتے :- بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
شیخ فہیم احمد، فہیم اقبال سٹور، قاضی مارکیٹ، تلہ گنگ

© rasailojaraid.com